# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 3 کے لئے



## ٹیچر کے لئے نوٹ

- کہانی ’’چھوٹی‘‘ بچوں اور جانوروں کی دوستی کی کہانی ہے۔ اس کہانی کا سب سے دلچسپ پہلو یہ ہے کہ کہانی ختم ہونے سے کچھ پہلے تک یہ راز' راز ہی رہتا ہے کہ چھوٹی کون ہے؟ کس شکل کی ہے؟ ٹیچر کو چاہیئے کہ اس سسپنس کو آخر تک برقرار رکھیں۔ کہانی اس انداز سے پڑھیں کہ بچوں کی بھرپور توجہ حاصل ہو۔ کہانی تسلسل کے ساتھ پڑھائیں تاکہ کہانی کا وہ آخری حصہ زیادہ دلچسپ لگے' جہاں پہنچ کر یہ بات واضح ہوتی ہے کہ ایمانے یہ باتیں دراصل اپنی بلی سے کر رہی ہے۔ بچے کہانی کے اس منفرد اختتام کا بھرپور لطف اٹھائیں گے۔

## سیشن 1

10 منٹ
- کہانی سے مشکل الفاظ ڈھونڈ کر بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ پڑھائی سے پہلے ہم ان الفاظ کو الگ الگ اچھی طرح پڑھیں گے اور سمجھیں گے۔ بچوں کو ہجے کر کے پڑھنے کا موقع دیں۔

10 منٹ
- اس کام کے بعد بچوں سے کہیں کہ آج ہم ایک دلچسپ کہانی پڑھیں گے۔ کہانی کا مزہ اور لطف اٹھانے کے لئے سب بچے کلاس میں خاموشی سے کہانی سنیں اور درمیان میں کوئی بات نہ کرے تاکہ کہانی کا بھرپور لطف اٹھایا جائے۔

اس کے بعد ٹیچر کہانی تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سنائیں۔ کہانی ختم ہونے سے پہلے (یعنی صفحہ نمبر 9 سے پہلے ) بچوں سے کہیں کہ کچھ دیر کے لئے کتاب بند کر دیں اور سوچ کر بتائیں کہ ان کے خیال میں چھوٹی کون ہو سکتی ہے؟ بچے جو بھی جوابات دیں انہیں غور سے سنیں۔ اس کے بعد بچوں کی توجہ کہانی کے ٹائٹل کی طرف لائیں۔ اسی طرح کہانی کے شروع کے چند صفحے ٹیچر بچوں کو دکھائیں اور انہیں سوچنے کا موقع دیں۔ چند منٹ کی اس ذہنی مشق کے بعد ٹیچر کہانی آخر تک پڑھیں۔

کہانی کی پڑھائی مکمل ہونے کے بعد ٹیچر بچوں سے پوچھیں انہیں کہانی کیسی لگی؟ ان سے پوچھیں کہ جب یہ معلوم ہو گیا کہ ’’چھوٹی ‘‘ ایمانے کی بلی کا نام ہے تو یہ جان کر کس کس کو حیرت ہوئی؟

10 منٹ
- کیونکہ یہ کہانی بچوں اور جانوروں کی آپس کی دوستی کے بارے میں ہے اس لئے بچوں سے ان کے پالتو جانوروں کے بارے میں بھی بات کریں۔ بات چیت اور سوالات اس طرح کے ہو سکتے ہیں۔

(1) کیا کسی بچے کے پاس پالتو جانور ہیں؟

(2) کون سے بچے اپنے پالتو جانور سے باتیں کرتے ہیں؟

(3) کیا آپ کے خیال میں وہ آپ کی باتیں سمجھتے ہیں؟

مندرجہ بالا بات چیت کے بعد کہانی کی دوبارہ پڑھائی کر وائیں۔

10 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب سے چھوٹی کی تمام شرارتیں نوٹ کریں اور اس میں سے افعال (verb) تلاش کر کے کوپی میں لکھیں۔ مثلاً انک گرانا۔ جھولا جھولنا۔ دوستی کرنا۔ وغیرہ وغیرہ۔

## گھر کا کام

- پہلے بچوں سے پوچھیں کہ بلی کا نام چھوٹی انہیں کیسا لگا۔ ان کے خیال میں بلی کا نام چھوٹی کیوں رکھا ہو گا۔

ٹیچر بچوں سے کہیں کہ ان کا نام کس نے رکھا؟ اگر انہیں خود اپنا نام رکھنا ہوتا تو کیا رکھتے؟ بچے گھر سے اپنے نام کا مطلب بھی معلوم کر کے آئیں۔

## سیشن 2

15 منٹ

- کل دیئے گئے گھر کے کام کے حوالے سے بچوں سے بات کریں اور چند بچوں سے سوال بھی کریں۔ یہ بات چیت دوستانہ ماحول میں ہونا چاہیۓ۔

30 منٹ

- آج بچے اپنی اپنی اس شرارت کے بارے میں لکھیں جو ان کے خیال میں سب سے زیادہ بڑی شرارت تھی۔ ان کی اس شرارت پر امی ابو کا کیا ردِعمل تھا۔ پھر بچے ''میری شرارت'' کے عنوان سے مضمون کی لکھائی کا کام کریں۔

## گھر کا کام

- کہانی پڑھ کر آئیں۔ کلاس میں سوالات کر وائے جائیں گے۔

## سیشن 3

45 منٹ

- آج کلاس میں بچے مندرجہ ذیل سوالات کے جواب بتائیں۔ ٹیچر بورڈ پر سوالات لکھیں۔ اس طرح ٹیچر کو اندازہ ہو جائے گا کہ بچوں کو کہانی کس حد تک سمجھ میں آئی ہے۔ آخری دو سوال open ended ہیں۔ جب بچے زبانی جواب دے چکیں تو ان سے کہیں کہ وہ اپنی کوپیاں کھولیں اور پہلے سوال اور بعد میں اس کا جواب لکھیں۔

### سوال

(1) ایمانے جب چھوٹی کی شرارتوں سے تنگ آ گئی تو اس نے کیا کیا؟

(2) ایمانے بور کیوں ہوگئی تھی؟

(3) آپ کو کس جملے سے اندازہ ہوا کہ ایمانے کو چھوٹی کی یاد آ رہی تھی؟
(اس نے سوچا کہ چھوٹی ہوتی تو کتنا مزہ آتا)۔

(4) آپ کے خیال میں چھوٹی کی کیا عمر ہے؟

(5) آپ اپنے گھر میں کون سا پالتو جانور رکھنا چاہتے ہیں؟ اس کی وجہ بھی بتائیں۔

## سیشن 4

5 منٹ

- پہلے پوری کتاب کی ایک مرتبہ پھر سے پڑھائی کروائیں۔

20 منٹ

- کلاس میں کم از کم 15 الفاظ کا املا کروائیں۔

املے کے بعد بچے اپنی کوپی ساتھ والے بچے سے بدلیں۔ ٹیچر بورڈ پر صحیح الفاظ لکھیں۔ بچے ایک دوسرے کی کوپیاں چیک کریں۔

20 منٹ

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ کہانی ''چھوٹی'' پڑھتے وقت شروع سے آخر تک بہت سے بچے نہیں بوجھ پائے کہ اصل میں چھوٹی ایک بلی ہے۔ بچوں سے کہیں کہ اس طرح کی کہانی کو ہم پہیلی کہانی بھی کہہ سکتے ہیں۔ آج بچے باری باری کلاس میں پہلیاں پوچھیں۔ باقی بچے ہاتھ اٹھا کر جواب دیں۔ ایسے موقع پر کلاس میں نظم و ضبط رہنا بہت ضروری ہے۔ کلاس میں کم از کم پانچ چھ بچوں کو پہیلی

پوچھنے کا موقع دیں۔ ٹیچر بھی دو تین پہیلیاں پوچھیں۔

## گھر کا کام

- بچے گھر سے کچھ پہیلیاں سیکھ کر اور گھر کے کام کی کوپی میں لکھ کر لائیں۔

## سیشن 5

35 منٹ
- آج کلاس میں ایک نئی activity کر وائی جائے۔

کوئی بچہ اپنی کلاس کے کسی بچے کی 5 خوبیاں بتائے۔ کلاس کے باقی بچے خوبیاں سن کر بچے کا نام بوجھیں۔ اس activity میں کوشش کریں کہ کلاس کے سارے بچے شریک ہوں۔ یہ بھی خیال رکھیں کہ کسی بچے کی دل آزاری نہ ہو۔ یہ بات واضح الفاظ میں اچھی طرح بچوں کو سمجھائیں۔

10 منٹ
- کلاس میں بلیوں کی تصویریں بنوائیں۔

## سیشن 6

10 منٹ
- آج پہلے چار پانچ بچوں سے کتاب کی پڑھائی کر وائیں۔

10 منٹ
- آج کلاس میں بچوں کے ساتھ ایک اور activity کر وائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کتابیں کھولیں۔ پھر ہر صفحہ بغور پڑھیں اور تصویروں کا مشاہدہ کریں۔ ٹیچر پوری کتاب میں سے کوئی بھی بات پوچھ سکتی ہیں اور لکھنے کو دے سکتی ہیں۔ مشاہدہ کرنے کے لئے انہیں 8 سے 10 منٹ کا وقت دیں۔

25 منٹ
- مشاہدے کا وقت ختم ہونے کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کتابیں بند کر کے بیگ میں رکھ دیں اور بتائیں کہ کس صفحے پر ایمانے کی کتابیں بکھری پڑی ہیں۔ (صفحہ نمبر 1)۔

ان کے جواب سننے کے بعد پوچھیں کہ کھلی کتاب میں جو کچھ انگریزی میں لکھا ہے کیا کوئی بچہ زبانی بتا سکتا ہے۔ جب بچہ بتا چکے تو اس سے کہیں کہ وہ اسے بورڈ پر آ کر لکھے۔ سب بچے اسے اپنی کوپی میں اتاریں اور صحیح جگہ full stop لگائیں اور جملہ مکمل کریں۔

Plants need a lot of water during summer.
You must remember they are also living things.

## گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ جس طرح ایمانے کی کوپی میں پودوں کی دیکھ بھال کے بارے میں لکھا ہے اسی طرح وہ بھی پھول پودوں کا خیال رکھا کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ پانچ پھولوں کے نام لکھ کر اور ان کی تصویریں بنا کر لائیں۔ پھول پودے میں لگا ہوا بھی ہو سکتا ہے۔

## نوٹ

- کلاس میں pet day کا اہتمام کر وائیں۔ بچے اپنے پالتو جانور اسکول لے کر آئیں۔ اگر کسی کے پاس کوئی بہت بڑا یا خطرناک جانور ہے تو لانے سے پہلے کلاس ٹیچر سے اجازت لے لیں۔

## سیشن 7

90 منٹ
- آج کا سیشن دو پیریڈ کا ہوگا۔ ٹیچر اس کے لئے اسکول کی ہیڈ سے اجازت لے لیں۔ بچوں کے لائے ہوئے پالتو جانوروں کی کلاس میں نمائش کریں۔
- اسکول کی مختلف کلاسوں کے بچوں کو مدعو کریں۔ بچے اپنے اپنے پالتو جانور کے بارے میں مختصراً بتائیں۔ مثلاً اس کا نام کیا ہے؟ عمر کتنی ہے؟ گھر میں کہاں رہتا ہے، آپ کے پاس کب سے ہے۔

## سیشن 8

10 منٹ
- مختلف بچوں سے ایک دفعہ پھر کتاب کی مکمل پڑھائی کر وائیں۔

35 منٹ
- آج بچوں کو بتائیں کہ جب دو لوگ آپس میں بات چیت کرتے ہیں تو اسے مکالمہ یا ڈائیلاگ کہتے ہیں۔ اب بچے اپنے پالتو جانور کے ساتھ کی گئی گفتگو کو چند مکالموں کی شکل میں لکھیں۔ بچے کم سے کم 4 سے 5 مکالمے لکھیں۔
- پہلے ٹیچر اس کی چند مثالیں کلاس میں اچھی طرح سے بتائیں۔ اس کے بعد یہ مشق کر وائی جائے۔

## گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ وہ بلیوں کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔ یہ ان کا research کا کام ہو گا۔ اس کام کے لئے انہیں کچھ وقت بھی دیں۔

## سیشن 9

- آج ان بچوں سے پڑھائی کر وائی جائے۔ جنہوں نے اس سبق کو پہلے نہیں پڑھا ہے۔ 10 منٹ
- ٹیچر بورڈ پر کچھ انگریزی کے الفاظ لکھیں۔ بچے کتاب سے تلاش کر کے ان الفاظ کا اردو ترجمہ لکھیں۔ انگریزی الفاظ یہ ہو سکتے ہیں۔ 20 منٹ

| | |
|---|---|
| (دوستی) | friendship |
| (شرارتیں) | naughtiness |
| (بکھیرنا) | spread |
| (تنگ ہونا) | irritated |
| (کمرہ) | room |
| (فرش) | floor |
| (بڑبڑاتی) | grumble |
| (جھولا) | swing |
| (لڑائی) | fight |
| (شور) | noise |
| (آئندہ) | next time |
| (گیند) | ball |
| (مزہ) | enjoy |
| (وعدہ) | promise |
| (چاٹنا) | lick |

15 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ دیئے گئے ترجمے کے آسان آسان جملے بنائیں۔

## گھر کا کام

- اگر یہ کام کلاس میں مکمل نہ ہو پائے تو بچے گھر سے کر کے لائیں۔

## نوٹ

- اس کہانی کے حوالے سے الفاظ اور ان کی ضد پر بھی کام ہو سکتا ہے۔ مثلاً

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| دوستی | لڑائی |
| زیادہ | کم |
| شروع | آخر |
| بکھیرنا | سمیٹنا |
| بند | کھول |
| جاؤ | آؤ |
| الٹی | سیدھی |
| ٹوٹی | ثابت |
| چھوٹی | بڑی |
| اٹھی | بیٹھی |
| زور سے | آہستہ سے |
| شور | خاموشی |
| پورا | آدھا |
| سنی | ان سنی |

# چھوٹی

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk

NOT FOR SALE